# 11-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ بی جے پی کے صدر رام چندر راؤ نے کہا کہ تلنگانہ میں بی جے پی مضبوط ہو رہی ہے جبکہ کانگریس اور بھارت راشٹرا سمیتی عوام کا اعتماد کھو چکی ہیں۔

۲۔مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ قدرتی زراعت کے فروغ کیلئے مرکزی حکومت نے بجٹ میں 2 ہزار 400 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔

۳۔ضلع کھمم میں زیادتی کا شکار کمسن لڑکی کی ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے عیادت کی اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔

۴۔ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ حسن آباد کو تمام شعبوں میں ترقی دی جا رہی ہے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے یکم جولائی سے ملک بھر میں نافذ ہونے والی وی بی۔جی رام جی اسکیم کے تلنگانہ میں موثر نفاذ کے سلسلہ میں مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان سے ملاقات کی۔شیوراج سنگھ چوہان نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت روزگار گارنٹی کے دنوں کو 100 سے بڑھا کر 125 کیا گیا ہے اور مالی سال 2026-27 کے لئے تلنگانہ کو 3,825 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔اسکیم میں نئے روزگار کارڈ، سات دن کے اندر مزدوری کی ادائیگی، تاخیر کی صورت میں سود، بے روزگاری الاؤنس، چہرے کی شناخت پر مبنی حاضری اور زرعی کاموں کے دوران 60 دن کا وقفہ جیسی سہولیات شامل ہیں۔ اس اسکیم کے اخراجات مرکز اور ریاست 60:40 کے تناسب سے مشترکہ طور پر برداشت کریں گے۔کشن ریڈی نے تلنگانہ حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے حصے کے فنڈز مختص کرکے بروقت نوٹیفکیشن جاری کرے۔

Desk

Thummala

ضلع کھمم میں زیادتی کا شکار کمسن لڑکی کی ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ نے عیادت کی اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی رہے گی۔اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ ملزم نے لڑکی کو عمارت کی دوسری منزل سے دھکا دے دیا تھا، جس کے باعث اسے شدید چوٹیں آئیں۔ انہوں نے کہا کہ بچی کے پیروں، بازوؤں اور ریڑھ کی ہڈی کو نقصان پہنچا ہے اور مکمل صحت یابی میں تقریباً دو ماہ لگ سکتے ہیں۔وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ علاج کے تمام اخراجات حکومت برداشت کرے گی اور متاثرہ خاندان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔

PTC, Khammam

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ ضلع کریم نگر کے عوام جس نئے کلکٹریٹ کی عمارت کا طویل عرصہ سے انتظار کر رہے تھے، اس کا افتتاح اسی ماہ کے آخر میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے ہاتھوں کیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ کے دورہ کے دوران بلدیاتی ترقیاتی منصوبوں اور شاتاواہنا یونیورسٹی میں مکمل ہونے والے ترقیاتی کاموں کا بھی افتتاح کیا جائے گا۔وزیر نے ضلع کلکٹر چترا مشرا کے ساتھ نئی عمارت کا معائنہ کیا اور مختلف شعبوں کا جائزہ لے کر حکام کو ضروری ہدایات دیں۔

PTC, Karimnagar

Bus Pass

تلنگانہ کے اہل صحافیوں کے لئے 2026 تا 2028 کے لئے رعایتی بس پاس جاری کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔محکمہ اطلاعات وتعلقاتِ عامہ کے خصوصی کمشنر جی مکند ریڈی نے تلنگانہ اسٹیٹ

روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کے مینیجنگ ڈائرکٹر کو خط لکھ کر درخواست کی ہے کہ موجودہ پاسوں کی مدت 16 جون کو ختم ہونے کے پیش نظر 17 جون سے نئے پاسوں کے لئے آن لائن درخواستوں کی سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئی منظوریوں کے اجرا کا عمل بھی جاری ہے۔

PTC, Hyderabad

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کہا ہے کہ کیمیائی کھادوں اور ادویات کے بے جا استعمال کے باعث بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے، اسی لئے قدرتی زراعت کے فروغ کے لئے مرکزی حکومت نے بجٹ میں 2,400 کروڑ روپے مختص کئے ہیں۔ ضلع کریم نگر کے جمی کنٹہ میں منعقدہ کسان کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نامیاتی زرعی مصنوعات کی مانگ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور نامیاتی کاشت کرنے والے کسان مستقبل میں بہتر منافع حاصل کریں گے۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ آئندہ دو برسوں میں ضلع کریم نگر کے 25 ہزار کسانوں کو قدرتی زراعت کی جانب راغب کیا جائے گا اور ان کی پیداوار کو مناسب امدادی قیمت دلانے کی کوشش کی جائے گی۔

PTC, Karimnagar

Vivek

ضلع منچریال کے مندمری میں منعقدہ بوتھ سطحی ایجنٹوں کے تربیتی پروگرام میں وزیر محنت ویویک وینکٹ سوامی، ارکانِ پارلیمان گڈم ومشی کرشنا اور سریش شیٹکر نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر نے الزام عائد کیا کہ ووٹر لسٹ کی خصوصی نظر ثانی کے نام پر بھارتیہ جنتا پارٹی کانگریس کے حامی ووٹروں کے نام حذف کرنے کی سازش کر رہی ہے۔ انہوں نے ان اقدامات کی سخت مخالفت کرتے ہوئے بوتھ سطحی ایجنٹوں سے اپیل کی کہ وہ گھر گھر جا کر ووٹروں کی تصدیق کریں۔ وزیر نے مزید کہا کہ

سابق بھارت راشٹرا سمیتی حکومت نے مختلف منصوبوں کے نام پر بھاری قرض لئے تھے، جبکہ موجودہ کانگریس حکومت شفاف انداز میں اندراماں ہاؤسنگ اسکیم نافذ کررہی ہے۔

PTC, Mancherial

Peddapalli MP

پداپلی کے رکن پارلیمان گڈم ونشی کرشنا نے وزیراعظم نریندر مودی کے بارہ سالہ دورِحکومت پر سخت تنقید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت صرف تشہیر تک محدود ہو کر رہ گئی ہے اور عوام کی توقعات کو پوری طرح مایوس کیا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ 2014 میں ہر سال دو کروڑ روزگار فراہم کرنے کا جو وعدہ کیا گیا تھا، اسے پورا کرنے میں ناکامی کے باعث ملک میں بے روزگاری میں اضافہ ہوا ہے اور نوجوان شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔

PTC, Peddapalli

Jangaon

وزیراعظم نریندر مودی کے بارہ سالہ دورِحکومت مکمل ہونے اور ملک کے وزیراعظم کے طور پر ریکارڈ قائم کرنے کے موقع پر ضلع جنگاؤں کے معروف وکیل کوٹا شنکر نے آکاش وانی سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے نریندر مودی کی قیادت اور ان کے دورِحکومت سے متعلق اپنی رائے پیش کی۔

PTC, Jangaon

Siddipet

بی جے پی تلنگانہ کے صدر این رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ ریاست میں بھارتیہ جنتا پارٹی مسلسل مضبوط ہو رہی ہے جبکہ کانگریس اور بھارت راشٹرا سمیتی عوام کا اعتماد کھو چکی ہیں۔ سدی پیٹ میں

منعقدہ دوروزہ دین دیال تربیتی کیمپ کے اختتامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں کی قربانیوں ہی کے باعث بھارتیہ جنتا پارٹی دونشستوں سے آگے بڑھ کر آج مسلسل تیسری بار مرکز میں حکومت بنانے کی پوزیشن میں پہنچی ہے۔انہوں نے الزام لگایا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کے بجائے اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے بھارتیہ جنتا پارٹی پرتنقید کررہے ہیں۔رام چندرراؤنے کارکنوں پرزوردیا کہ وہ عوامی مسائل پرمزید مضبوطی سے جدوجہد کریں اورآنے والے دنوں میں تلنگانہ میں ''ڈبل انجن سرکار'' قائم کرنے کے لئے کام کریں۔انہوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی ''قوم پہلے'' کے اصول پریقین رکھتی ہے،جبکہ بھارت راشٹراسمیتی اورکانگریس کے لئے اقتداراور بدعنوانی ہی اولین ترجیح ہے۔

PTC, Siddipet

Komatireddy

ریاستی وزیربرائے عمارات وشوارع کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے حکام کوہدایت دی ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے 17 جون کوضلع نلگنڈہ کے کنگل میں مجوزہ دورہ اورعوامی جلسہ کے لئےمکمل اور مؤثر انتظامات کئے جائیں۔وزیراعلیٰ اس موقع پر 14 ہزار500 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی ایچ اے ایم سڑکوں کے منصوبہ کاسنگِ بنیادرکھیں گے۔اس سلسلہ میں کومٹی ریڈی وینکٹ ریڈی نے آج کلکٹریٹ میں ضلع کلکٹر چندرشیکھر،سپرنٹنڈنٹ آف پولیس شرت چندر پوار کے ساتھ جائزہ اجلاس منعقدکیا۔انہوں نے ہدایت دی کہ جلسہ میں شرکت کرنے والے عوام کے لئے تمام ضروری سہولیات فراہم کی جائیں۔وزیرنے کہا کہ اگرممکن ہواتودھرویشی پورم کی ایلماں مندرکی جدیدکاری کے منصوبہ کاسنگِ بنیادبھی وزیراعلیٰ کے ہاتھوں رکھاجائے گا۔

PTC, Nalgonda

Ponnam

ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے کہا ہے کہ چار ضلعی مراکز سے فورلین سڑکوں کے ذریعہ منسلک حسن آباد کو تمام شعبوں میں ترقی دی جارہی ہے۔ وزیر نے آج آرٹی سی کے مینجنگ ڈائرکرناگی ریڈی کے ہمراہ حسن آباد بس اسٹیشن کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے آرٹی سی حکام کو ہدایت دی کہ برسات کے موسم میں بس اسٹیشن میں پانی کے جمع ہونے مسئلہ کا مستقل حل نکالنے کے لئے ایک خصوصی منصوبہ تیار کیا جائے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پونم پربھاکر نے کہا کہ انجینئرنگ کالجوں، سیاحت کے فروغ، میڈیکل کالجوں کے قیام اور صنعتی راہداری کی ترقی کے باعث حسن آباد کی اہمیت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔

PTC, Siddipet